Urdu Evening News Bulletin

Time: 0740PM Dated: 24 July 2026

ہیڈلائنز

وزیراعظم نریندر مودی نے پیپرلیکس معاملے میں سخت کارروائی کرنے پر دیازور//کہا *....﴾ طلباءکے مفادات حکومت کی اولین ترجیح۔

مرکزی کابینہ نے پیپر لیک اور امتحانات میں دھاندلیوں کے معاملات میں سخت سزا دلانے *....﴾ کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام سے متعلق مسودہ بِل کو دی منظوری۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا پورے سماج بالخصوص نوجوانوں پر شہیدوں کے عزم اور *....﴾ وفاداری سے ترغیب حاصل کرکے دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں متحد رہنے پر زور۔

اور

موسم میں بہتری کے ساتھ ہی *....﴾ دریاو

---

ں میں سطح آب میں بتدریج کمی//لوگوں نے لی راحت کی سانس۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نیٹ پیپر لیک معاملے کے بعد پچھلے اڑھائی مہینوں کے دوران کئی اقدامات کئے گئے ہیں اور قصورواروں کو گرفتار کیا گیا ہے اور وہ سبھی جیل میں ہیں۔

ایک ویڈیو پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح یہ تھی کہ طلباءکا تدریسی سال ضایع نہ ہو اور یہ امتحان جلد ازجلد منعقد کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر لیکس ایک معمولی معاملہ نہیں بلکہ یہ لاکھوں طلباءاور اُن کے والدین کیلئے ایک تکلیف دہ معاملہ ہے۔

میٹنگ

اور مرکزی وزراءجے پی نڈا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے درمیان نئی دلی میںآج ایک CJP اسی دوران نے CJP میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے جے پی نڈا نے کہا کہ تین مطالبات رکھے، جن میں پیپر لیک کو روکنے کیلئے تجاویز بھی شامل ہیں۔ انہوننے کہا کہ سرکار کے وفد سے کل دوسرے دور کی بات چیت کرے گی۔CJP

کے ترجمان آشوتوش رنکا جو وفد میں شامل تھے نے دعویٰ کیا ہے کہ سرکار نے اصولی CJP اِدھر طور پر اُن کی دو مانگوں کو پورا کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

کابینہ کمیٹی

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں نئی دلی میںمنعقدہ اقتصادی معاملات سے متعلق کابینہ کمیٹی وکاس یوجنا رسائن اسکیم کو منظوری دی ہے، جس کے تحت ملک میں تین Audyogik نے آج بھارت کیمیائی پارکس قائم کی جائیں گی۔ مذکورہ اسکیم کا اعلان 2026-27کے مرکزی بجٹ میں کیا گیا تھا۔ نامہ نگارونکو تفصیلات دیتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 3ہزار 30کروڑ روپے کی یہ اسکیم اگلے پانچ برس تک جاری رہے گی۔کابینہ نے آندھراپردیش اور کرناٹکا

میں بالاری ۔گنتاکل ریلوے سیکشن کی تیسری اور چوتھی ریلوے لائن کیلئے کی بھی منظوری دی، جس پر ایک ہزار 264کروڑ روپے لاگت آنے کا تخمینہ ہے۔

مسودہ بِل

مرکزی کابینہ نے پیپر لیک اور امتحانات میں دھاندلیوں کے معاملات میں سخت سزا دلانے کی غرض سے فاسٹ ٹریک کورٹس قائم کرنے سے متعلق مسودہ بِل کو منظوری دی ہے۔پارلیمنٹ ہاو

---

س کمپلیکس نئی دلی میں وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ کے دوران ۂ مسودہ بِل کو منظوری دی گئی۔ ذرایع کے مطابق اس بِل کو اگلے ہفتے پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج نیٹ پیپر لیک معاملے کو لیکر حزب اختلاف کے احتجاج اور شور وغل کے چلتے آج پانچویں روز بھی متاثر رہی۔ لوک سبھا کی کارروائی آج پہلے التویٔ کے بعد دوپہر12بجے جب دوبارہ شروع ہوئی تو پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ حکومت پہلے دن سے کہتی آرہی ہے کہ وہ نیٹ پیپر لیک معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔انہوں نے حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی سے اپیل کی کہ وہ اپنے پارٹی رفقاءپر زور دیں کہ وہ ایوان کی کارروائی کو احسن طریقے پر چلنے دیں۔ تاہم شور وغل کے بیچ کارروائی کو سوموار تک کیلئے ملتوی کیا گیا۔نیٹ معاملے کو لیکر حزب اختلاف کی نعرہ بازی کے پیش نظر راجیہ سبھا کی کارروائی کو بھی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کیا گیا۔اس سے پہلے آج دونوں ایوانوں میں کرگل جنگ کے شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا اور ایوان میں ان کی یاد میں خاموشی اختیار کی گئی۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے مرکز اور قومی ٹیسٹنگ ایجنسی کو ہدایت دی ہے کہ وہ نیٹ امتحانات پیپر لیک کے بعد سے کی گئی اصلاحات کی عمل آوری پر ہورہی پیش رفت سے متعلق تفصیلی حلف نامے دائر کریں۔جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس آلوک آرادھے پر مشتمل ایک بینچ نے معاملے کی شنوائی کرتے ہوئے کہا کہ ان حلف ناموں میں اصلاحات کو ادارہ جاتی حیثیت دینے سے متعلق کئے جارہے اقدامات کا تفصیل سے ذکر ہونا چاہئے۔

ایل جی بڈگام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پورے سماج بالخصوص جموں وکشمیر کے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ماں بھارتی کے تئیں شہیدوں کے عزم اور وفاداری سے ترغیب حاصل کرکے دہشت پسندی کے خلاف لڑائی میں متحد رہیں۔آج لال پورہ بیروہ بڈگام میں جموں وکشمیر پولیس کے شہید ہیڈکانسٹیبل عاشق حسین قریشی جو حال ہی میں اننت ناگ میں ایک دہشت گردانہ حملے میں جاں بحق ہوئے تھے کے لواحقین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے بعد ایل جی نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت والی سرکار نے جموں وکشمیر میں ٹیرر ایکوسسٹم کو ختم کرنے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔ انہوں نے اس پولیس اہلکار کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اُن کی بہادری پر فخر ہے۔انہوں نے متاثرہ کنبوں کو انتظامیہ کے ہرممکن مدد کا یقین دلایا۔

سنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور بی جے پی کے سینئر لیڈر سنیل شرما نے بھی آج لالی پورہ بیروہ میں حالیہ اننت ناگ دہشت گرد حملے میں شہید ہوئے ہیڈکانسٹیبل عاشق حسین کے اہلخانہ سے تعزیت کی۔ بعد مینمیڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مہلوک کانسٹیبل نے اپنی ڈیوٹی کے دوران عظیم قربانی پیش کی۔ انہوننے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے فون پر جاں بحق ہوئے کانسٹیبل کے بیٹے سے بات کی اور انہیں ہر ممکن امداد کی یقین دہانی کرائی۔

عمرعبداللہ

سرینگرمیں ملک کے مختلف حصوں سے آئے صنعت کاروں اور SKICC وزیراعلی عمر عبداللہ نے سرمایہ کارونکے ساتھ جموں کشمیر میں آنٹرپرنیورشپ کو بڑھاوا دینے کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہاکہ جموں کشمیرقدرتی وسائل سے مالامال ہونے کی بنا پر صنعت کاروں کیلئے ایک موزون جگہ ہے۔ انہوں نے کہاکہ سرکار یوٹی میں تجارت میں آسانی پیدا کرنے کیلئے وعدہ بند ہے۔ عمر عبداللہ نے سرمایہ کاروں کو جموں کشمیر میں سرمایہ لگانے کی دعوت دی۔

رندھیرجیسوال

سندھ طاس آبی معاہدہ اُس وقت تک معطل رہے گا جب تک نہ پاکستان سرحد پار کی دہشت گردی کو مدد واعیانت بند کرے گا۔ان باتوں کا اظہار نئی دلی میں آج ہفتہ وار بریفنگ کے دوران وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کیا۔ انہوں نے پاکستانی میڈیا کی ان خبروں کو حقیقت سے بعید قرار دیا کہ بھارت جان بوجھ کر ہمسایہ ملک میں سیلابی صورتحال پیدا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے چناب میں پانی کی سطح میں اضافہ حالیہ بارشوں کی وجہ سے ہوا۔

وزیراعلیٰ بجلی

سرکار نے ضلع کٹھوعہ کے گرڈ اسٹیشن میں مزید 50صلاحیت بڑھانے اور متعلقہ شعبے کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر وتوسیع کیلئے 15کروڑ 22لاکھ روپے کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ان باتوں کا اظہار وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے اپنے ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعے کیا۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے بجلی کے ترسیلی نظام میں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ علاقے کے صارفین کومعقول اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

جاوید دورہ

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج پونچھ ضلع مینمنڈی تحصیل کے ننڈی چھول علاقے کا دورہ کرکے وہاں حالیہ سیلاب سے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے وہاں سوگوار کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب کے خطرات والے علاقوں مینتمام احتیاطی تدابیر کریں تاکہ مون سون کے رواں موسم کے دوران لوگوں کے جان ومال کونقصان نہ پہنچیں۔

ڈاکٹر فاروق

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں عوامی نمائندہ سرکار لوگوں کو راحت رسانی کے ساتھ ساتھ لازمی اور ضروری خدمات دستیاب رکھنے میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے سرکارپر زور دیا کہ جن لوگوں کو زمین کھسکنے، سیلابی ریلوںاور بادل پھٹنے سے نقصان پہنچا ہے، اُن کی بازآبادکاری اورامدادکاری کیلئے فوری طور پر اقدامات اٹھائے جائیں۔انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ رواں پارلیمنٹ سیشن کے دوران بحال کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ایک میٹنگ میں حکومت کے مختلف محکموں میں نافذ کئے جارہے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای۔ گورننس منصوبوںکی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

یہ منصوبے بھاسکرآچاریہ نیشنل انسٹی چیوٹ فار سپیس ایپلیکیشنز اینڈ جیو انفارمیٹیکس کے اشتراک کے BISAG-N سے عملائے جارہے ہیں۔میٹنگ میں آئی ٹی شعبے کی کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت سپیشل ڈائریکٹر جنرل ونے ٹھاکر ، مختلف محکموں کے سربراہاں، سینئر پولیس افسران، این آئی سی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ میٹنگ میں ہر محکمے کے جاری ڈیجیٹل گورننس منصوبوںپر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔چیف سیکریٹری نے ایک اور میٹنگ میں یوٹی میں آنے والے 80ویں یوم آزادی کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

بارشیں

سرینگر اور دیگر قصبہ جات میں اگرچہ آج مطلع دن بھرابر آلود رہا تاہم کہیں کہیں پر بوندھاباندھی ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئیں۔ موسم خوشگوار رہنے سے بیشتر ندی نالوں اور دریاو

---

ں میںپانی کی سطح میں قدرے کمی واقع ہوئی جس کے بعد لوگوں نے راحت کی سانس لی۔دریں ئ اثناءانتظامیہ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے اور افرادی قوت اور مشینری کو متحرک کیا گیاہے۔

میڈیکل کالج

سرکار نے کہا ہے کہ اس نے ملک میں میڈیکل کالجوں کی تعداد کے ساتھ ساتھ انڈرگریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ نشستوں میں اضافہ کیا ہے۔صحت کی مرکزی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے آج لوک سبھا میں ایک سوال کا تحریری جواب دیتے ہوئے جانکاری دی کہ 2014سے لیکر اب تک ملک میں میڈیکل کالجوں کی تعداد387سے بڑھاکر 844تک کردی ہے۔ اسی طرح میڈیکل کالجوں میں یوجی سیٹوں کی تعداد 51ہزار 348سے بڑھاکر ایک لاکھ 39ہزار 489کردی گئی۔ اسی طرح پی جی میڈیکل نشستوں کی تعداد 31ہزار سے بڑھاکر 86ہزار 360کردی گئی۔

عاجزی

جموں وکشمیر اور لداخ بھر کی مساجد ، خانقاہوں، زیارتگاہوں اور درگاہوں میں آج نماز جمعہ کے اجتماعات کے موقعے پر توبہ استغفار کی خصوصی مجالس منعقد ہوئیں۔ فرزندانِ توحید نے بارگاہِ الہٰی میں موسم کی مسلسل خرابی ، بادل پھٹنے، سیلابی ریلوں، لینڈسلائیڈنگ اور دیگرقدرتی آفات سے نجات کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

اکشے لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابر و نے سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر حاضری دی اور سالانہ عرس کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسروں کو عقیدت مندوں کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی۔ واضح رہے کہ عرس کے سلسلے میں منگلوار 28جولائی سے ایام متبرکہ کا آغا ز ہورہاہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بعد میں ہاری پربت پر شاریکا دیو مندر پر حاضری دے کر شاریکا جینتی تقریب میں شرکت کی۔

ٹریڈ پرموشن

جموں وکشمیر ٹریڈ پرموشن آرگنائزیشن گاندھی نگر گجرات میں 24سے 26جولائی تک منعقدہ ہورہے انڈس فوڈ احمد آباد 2026میں جمونوکشمیر کے کھان پان ، زرعی اور باغبانی اشیاءکی نمائش کررہاہے۔ اس پروگرام میں ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے معروف فوڈ پروسیسر اور برآمدکار حصہ لے رہے ہیں۔

گوپی ناتھ

بھگوان گوپی ناتھ جی ٹرسٹ کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ شری بھگوان گوپی ناتھ جی کی 128ویں مہاجینتی کے سلسلے میں 26جولائی کو اُن کے آشرم واقع خاریار حبہ کدل سرینگر میں ایک تقریب کا انعقاد کیاجارہاہے۔

اقوام متحدہ

بھارت نے اقوام متحدہ سے افسوس ظاہر کیا ہے کہ وہ پاکستان میں خاص طور پر اس کے زیر قبضہ کشمیر میںلوگوں کی آواز دبائے جانے کونظر انداز کررہی ہے۔ جبکہ اس نے دوسری جگہوں پر اس طرح کے واقعات کی مذمت کی ہے۔ بھارت نے پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میںعوام کے حقوق کو، منظم طور پر کچلے جانے کی مذمت کی ہے۔

بھارت کے مستقبل نمائندے پی ہریش نے پاکستان کے ہاتھوں انسانی حقوق کی پامالی اور مقبوضہ کشمیر نیز پورے ملک میں آزادی کو کچلنے کے واقعات کا ذکرکیا۔

انکم ٹیکس ڈے

آج 167واں انکم ٹیکس ڈے ہے۔ اس سلسلے میں آج ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد ہوئے ہیں جن میں انکم ٹیکس ادا کرنے کی اہمیت اور ملک کی ترقی میں اس کے رول کو اجاگر کیا گیا۔

شاہراہ

دریں اثنا بارشوں کے بعد سرینگر-جموں قومی شاہراہ کے کئی مقامات پر چٹانیں کھسکنے اور پسیاں گرآنے کے نتیجے میں شاہرا ہ گاڑیوں کی آمد ورفت کیلئے آج تیسرے روز بھی بند ہے۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے حکام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقریباً4ہزار گاڑیانقاضی گنڈ اور اُدھمپور کے درمیان درماندہ ہیں ، تاہم شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ بارشوں کے نتیجے میں شری امرناتھ جی یاترا بھی آج مسلسل چھٹے روز معطل رہی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24.8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت32.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22.9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 37 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر38منٹ پر ہو گا۔